# آپ سفر کیلئے تیار ہیں۔

## اپنا سفری دورہ ٹی آئی سی او کی رجسٹرشدہ (TICO-registered) ٹریول ایجنسی کے ذریعے بُک کرواکر، آپ اپنی سفری سرمایہ کاری کو خودکارطریقے سے محفوظ کر رہے ہیں۔

TICO آپ کی سفری سرمایہ کاری کیلئے صارفین کا تحفظ ہے، ہر اس فرد کیلئے ایک نگہبانی ہے جو اپنے سفری دورے کی بکنگ TICO کی رجسٹر شدہ ٹریول ایجنسی سے کرواتا ہے۔

**اوریہ آسان ہے کیونکہ وہ تمام ٹریول ایجنسیاں جو اونٹاریو میں کام کرتی ہیں ان کا TICO کے ساتھ رجسٹرہونا لازم ہے۔ یہ قانون ہے۔**

خواہ ذاتی طورپر، فون پریا انٹرنیٹ پر، جب بھی آپ TICO کی رجسٹرشدہ ایجنسی سے خریداری کرتے ہیں، تو آپ کو یہ جان کرکہ TICO مدد کیلئے موجودہے، ذہنی سکون ملتاہے۔

یہاں دیکھئے کہ یہ کیسے ہوتاہے:

### باضابطہ بنانا

TICO اونٹاریوکی سفری انڈسٹری کو باضابطہ بناتاہے۔

اونٹاریوکی تمام ٹریول ایجنسیوں کی حکمیہ رجسٹریشن کے ذریعے، TICOاس بات کو یقینی بناتا ہےکہ ایجنسیاں اونٹاریو ٹریول انڈسٹری ایکٹ کی پابندی کرتی ہیں۔ اور اس کا مطلب ہےکہ وہ لازماً قانون پرعمل کریں۔

اس کامطلب ہےکہ ایسی چیزیں جیسےکہ مناسب قیمتوں کی فہرستیں اور انکشاف، ایماندارانہ مشہوری اور مالیاتی تعمیل - اورآپ کی رقم امانت کے طورپر رکھنا۔ ہم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ وہ انڈسٹری کیلئے تعلیمی معیارپر پورا اترتے ہیں۔

### نگرانی

TICO اونٹاریوکی ٹریول ایجنسیوں کامعائنہ اورنگرانی کرتاہے۔

TICO اس بات کو یقینی بناتاہےکہ جن ٹریول ایجنسیوں سے آپ خریداری کر رہے ہیں وہ صارفین کےحفاظتی قوانین پر سختی سے عمل کرتی ہیں، اور وہ اونٹاریو ٹریول انڈسٹری ایکٹ کے تحت ہیں۔ TICO تمام ایجنسیوں کا معائنہ اورنگرانی کرتاہے، اور جو لوگ ان قوانین پر عمل نہیں کرتےان کےخلاف تادیبی کاروائی کرتاہے۔

TICOمنصفانہ اور اخلاقی مقابلےکو فروغ دیتاہے، ضابطہ اخلاق کو سپورٹ کرتا اورقانونی اور باضابطہ تبدیلیوں کی حوصلہ افزائی کرتاہے۔

### رقوم کی واپس ادائیگیاں

TICO ان رقوم کی واپس ادائیگی کرتاہےجو آپ نےکسی خدمات کیلئے اداکیں لیکن وہ خدمات حاصل نہ کی ہوں۔

اگرآپ TICOکی رجسٹرشدہ ٹریول ایجنسی سے سفری خدمات خریدتے ہیں اورآپ وہ خدمات بند ہوجانے یا دیوالیہ پن کی وجہ سے بند ہوجانےکی وجہ سےحاصل نہیں کرتے، تو TICO مددکرتاہے۔

جب آپ کی بحری جہازکی کمپنی، ائیرلائن یا یہاں تک کہ ٹریول ایجنسی ان خدمات کو فراہم کرنے میں ناکام ہوجاتی ہے، تو TICO پانچ ہزارڈالرفی کس تک واپس اداکرتاہے۔ بعض مخصوص حالات میں، جب سفرکرنے والے مصیبت میں مبتلاہوجائیں، یہاں تک کہ ہم انہیں گھرواپس لاتے ہیں۔

تلافی معاوضہ کی رقم کی کوریج اونٹاریو ریگولیشن 26/05 کے اہتمامات سے مشروط ہے۔

### شکایات

TICOشکایات کےطریقہ کارکے ذریعے آپکی مددکرتاہے۔

ہم امیدکرتے ہیں کہ آپ کا سفر ہمیشہ اچھا رہے، لیکن جب آپ خوش نہ ہوں اور آپ اورآپ کی ٹریول ایجنسی صورت حال کا حل نہ نکال سکتے ہوں، تو ہم مددکرتے ہیں۔ لیکن یاد رکھئے، کہ اگرآپ کی ایجنسی TICOسے رجسٹرشدہ نہیں ہے، تو ہم کچھ زیادہ مدد نہیں کر سکتے۔

اگرآپ TICOسے رجسٹر شدہ ٹریول ایجنسی سے اپنی بکنگ کرواتے ہیں، تو TICO شکایات کے ایک طریقہ کارکے ذریعے مددکرتاہے، آپ کی ایجنسی سے بات چیت کرتاہےاور اس بات کو یقینی بناتاہےکہ صارفین کے حفاظتی قوانین پر مناسب طریقے سے عمل کیاگیاہے۔

اگرچہ ہم تصفیہ عائد نہیں کر سکتے یا ایک ثالث کے طورپرکردار ادا نہیں کر سکتے، مگرہم اس بات کویقینی بناتے ہیں کہ آپ کے مسئلےکو حل کرنے میں مددکیلئے ہمارے پاس ایک طریقہ کار موجود ہے۔

# سفرکی بکنگ کیلئے تجاویز

## تجویزنمبر 1

جب آن لائن بکنگ کروائیں/سفرکی خدمات خریدیں، تو ہمیشہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ جس کمپنی سے آپ لین دین کر رہے ہیں وہ TICO سے رجسٹر شدہ ٹریول کمپنی ہے تاکہ آپ اونٹاریو صارفین کے تحفظ کے قانون سے استفادہ حاصل کر سکیں۔

## تجویزنمبر 2

خواہ آپ نقد رقم اداکریں یا کریڈٹ کارڈ کے ذریعے ادائیگی کریں، جب آپ اپنی ٹریول ایجنسی سے اپنےسفرکی خدمات کی بکنگ کروائیں تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ خریداری کی فہرست اور رسید حاصل کریں۔

## تجویزنمبر 3

جب آپ آن لائن خریداری کریں، تو معلوم کریں کہ آپ کس کو ادائیگی کر رہے ہیں۔ آپ کےکریڈٹ کارڈ سے رقم کون حاصل کرےگا؟ کیا یہ آن لائن کوئی کمپنی ہے یا کیا وہ آپ کی ادائیگی کی معلومات کو کسی سفری کمپنی یاکسی ایئرلائن کو بھیج رہے ہیں جو TICO سے رجسٹر شدہ نہیں ہے۔

## تجویزنمبر 4

اس سے پہلےکہ آپ اپنی آن لائن خدمات کی تصدیق کریں اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ شرائط وضوابط کو پڑھ لیں خاص طور پر انہیں جن میں منسوخی، تبدیلیوں یا رقم کی واپس ادائیگی کی قابلیت کا ذکر ہو۔

## تجویزنمبر 5

ہمیشہ کچھ تحقیقات کرلیاکریں - یہ بات معلوم کریں کہ آیا آپ جس ملک کا دورہ کرنےکی منصوبہ بندی کر رہے ہیں اس کا معیار زندگی کینیڈا سے مختلف ہے - اس طرح آپ رہائشی حالات سے پریشان نہیں ہوں گے یا پرسہولت ہوٹلوں، ریستورانوں یا ہرکونے پرنائٹ کلبوں کی توقع نہیں کریں گے۔ باخبر رہیئےکہ ہوٹل کی کوئی عالمی سٹار ریٹنگ کا نظام موجودنہیں ہے اسلئے ہو سکتاہےکہ کینیڈا میں 4 سٹار ہوٹل اس ملک کے 4 سٹار ہوٹل جیسانہ ہو جس ملک کا دورہ کرنےکا آپ کا منصوبہ ہے۔

## تجویزنمبر 6

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپکو معلوم ہوکہ آپ کے ساتھ سفرکرنے والے
ہرفردکیلئےسفرکرنےکیلئےکن دستاویزات کی ضرورت ہوگی اور اس بات کویقینی بنائیں کہ اپنےطے شدہ منصوبےکے تحت سفر سے پہلے ان دستاویزات کو حاصل کرنےکیلئے آپ کے پاس کافی وقت ہو۔

## تجویزنمبر 7

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ جن جن سفری خدمات کو خرید رہے ہیں آپ ان کی شرائط و ضوابط سے واقف ہیں خاص طور پرجو کسی تبدیلی کرنے یا منسوخی کی شرائط پر مبنی ہوں۔

## تجویزنمبر 8

منسوخی کی سہولت اور اپنےصوبے سے باہرکی میڈیکل انشورنس خریدنا ہمیشہ ایک اچھی بات ہے - خاص طور پر جب پرائے ملک جا رہے ہوں۔ تیار ی رکھئے!!!!!

## تجویزنمبر 9

سوالات پوچھئے۔ اپنےگھر والوں، دوستوں اوریہاں تک کہ اپنےٹریول ایجنٹ سے پوچھئےکہ کیا انھوں نے اس منزل مقصودکا سفرکیاہے جہاں جانےکیلئے آپ غورکر رہے ہیں اور معلوم کریں کہ ان کا وہاں پرتجربہ کیسا رہا اور جب اس منزل مقصودکیلئے سفرکریں تو وہاں کے بارے میں ان کےمشورے کیا ہیں۔

## تجویزنمبر 10

چھوٹی چھوٹی چیزوں سے نہ گھبرائیے اور ایسی چیزوں کو اپنی چھٹیاں خراب کرنےکا موقع نہ دیجئےجیسےکہ فلائٹ میں تاخیرہے۔ لطف اٹھائیے!


ٹریول انڈسٹری کونسل آف اونٹاریو
2700 Matheson Blvd. E. Suite 402, West Tower Mississauga, ON L4W 4V9
ٹیلیفون نمبر: (905) 624-6241
فیکس نمبر: (905) 624-8631
ٹول فری نمبر: 1-888-451-TICO
ای میل: tico@tico.ca
ویب سائٹ: www.tico.ca


tico.ca
Travel Industry Council of Ontario
آپ سفرکیلئےتیار ہیں۔




آپ کی ٹریول انڈسٹری کونسل آف اونٹاریو - ٹی آئی سی او (The Travel Industry Council of Ontario - TICO) آپ کے سفرکی نگہبان ہے۔ ہمیشہ اس سےتوقع رکھئے۔